# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: **"رہن سہن اور رسم و رواج"** | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، لفظی جیب، پرچیاں، مشکل الفاظ کے کارڈ، 1 تا 4 نمبر پر مشتمل پرچیاں

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو السلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں۔ بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے بورڈ پر پاکستان کی ثقافت کی تصویریں چسپاں کر دیں۔ جیسے: صوبہ پنجاب کی ثقافتی تصاویر، صوبہ سندھ اور بلوچستان وغیرہ کی تصاویر۔
- بچوں سے کہیں کہ ان تصویروں کو غور سے دیکھیں اور سوچ کر بتائیں کہ یہ تصاویر کن صوبوں اور علاقوں کو ظاہر کر رہی ہیں؟
- جو بچہ سب سے پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔
- درست جواب پر اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور غلط پر بھی اس کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے پھر کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اب ہر گروہ کو ایک ایک صوبہ تفویض کر دیں اور اسے اس کے بارے میں ایک ایک جملہ بولنے کے لیے کہیں۔ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق "رہن سہن اور رسم و رواج" کے بارے میں پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں اور اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔
- سبق میں "تلفظ سیکھیں" دیے گئے چند الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک پرچی اٹھا لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچی کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے پرچی لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 17 کھلوائیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- اب پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال لیں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔
- وہ ٹوکری باری باری چاروں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف کی بلند خوانی کرے گا۔

| |
|---|
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنادیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ دیں اور ان کی بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: **"رہن سہن اور رسم و رواج"** | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، لفظی جیب، تین پرچیاں، مشکل الفاظ کے کارڈ، گتے کا بنا ہوا پہیا، میلا مویشیاں اور میلا چراغاں کی تصویر

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنا دیں انھیں میلا مویشیاں ور میلا چراغاں کی تصویر دیں۔
- بچوں کو تصویروں سے متعلق بات چیت کرنے اور ان سے متعلق تین سے چار جملے بولنے کے لیے کہیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کو باری باری تصویر سے متعلق بنائے ہوئے جملے سنانے کے لیے کہیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے ان سے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- پاکستان کی زیادہ تر آبادی کہاں رہتی ہے؟
- شہر یا گاؤں میں منعقد ہونے والے کسی میلے کا نام بتائیں۔ وغیرہ
- بچوں کے جوابات لیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 18 کھلوائیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- میز پر گتے کا بنا ہوا ایک پہیا رکھیں، جس پر چار مختلف خانے بنے ہوں، جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوں۔
- کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اسے پہیا گھمانے کے لیے کہیں۔
- پہیا جس نمبر پر رکے گا، وہ گروہ اس نمبر کے پیراگراف یا جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرا جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔ بچوں کی فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان سے مختلف سوالات بھی ساتھ ساتھ پوچھتے جائیں۔ جیسے:
- **رسم و رواج سے کیا مراد ہے؟**
- **پنچائیت کسے کہتے ہیں؟**

| |
|---|
| • **رسم ورواج کے پنپنے میں کون کون سی چیزیں اہم کردار ادا کرتی ہیں؟** |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) پڑھائے گئے سبق کی متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنادیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ دیں اور ان کی بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام:**"رہن سہن اور رسم و رواج"** | |
| **مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں، آئس کریم اسٹکیں | | |

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- سبق میں سے کوئی سے چار مشکل الفاظ چن کر چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیوں پر لکھیں اور انھیں ایک ٹوکری میں ڈال لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔
- ایک گروہ میں سے کسی بچے کو بلائیں اور اسے آنکھیں بند کر کے ٹوکری میں سے ایک مچھلی اٹھانے کے لیے کہیں پھر اسے اُس پر لکھا ہو الفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں۔
- جب وہ بچہ لفظ کا درست تلفظ ادا کرے تو **اسے** اس لفظ کا جملہ بنانے کے لیے کہیں۔
- سر گرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار:(20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 19 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "بیش بہا" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ مشق الفاظ " باہمی تعاون، سبقت لے جانا، دل آزاری کرنا، خاطر مدارات، میانہ روی، ترک کرنا" پر کروائیں۔
- ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔
- اب بچوں کے 8 گروہ بنا دیں۔
- 8 آئس کریم اسٹکیں لیں جن پر ایک طرف کتاب کے صفحہ نمبر 19 پر دیے گئے الفاظ لکھے ہوں۔
- ایک اسٹک پر ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ اسٹکیں ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی اسٹک اٹھانے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو اسٹک آئی ہے، اس پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں اور اس کے سامنے اس کا معانی لکھیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) اب بورڈ پر الفاظ لکھ کر مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے معانی لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق کروائیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | سبق کا نام: **"رہن سہن اور رسم و رواج"** | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، چار سوالات کی پرچیاں، آئس کریم اسٹک

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف رنگ برنگ کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔
- سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- کسی ایک گروہ کے بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے لڈو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔
- جو گروہ زیادہ سوالات کے درست جوابات دے گا، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم سبق سے متعلق سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات چارٹ کی بنی ہوئی مختلف اشکال جیسے مربع، مستطیل اور دائرہ، مثلث وغیرہ پر لکھ دیں۔
- اب میز پر گتے کا چوکور ڈبا رکھ دیں، جس کی اطراف میں چارٹ کی بنی ہوئی وہی اشکال چسپاں ہوں۔
- بچوں کے 5 گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبا گھما کر میز پر لڑھکانے کو کہیں۔ لڑھکانے پر ڈبے کی اوپر کی جانب جو شکل بنی ہو وہی شکل نکال کر اس بچے کو دے دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس پر لکھے ہوئے سوالات پڑھیں اور ان کے جوابات سوچیں۔

| |
|---|
| • اس دوران میں سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھ دیں اور ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔ جس گروہ کے پاس وہ سوال آیا ہو گا، اس کا کوئی بچہ آ کر بورڈ پر اس سوال کے نیچے اس کا جواب لکھے گا۔<br>• درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔<br>• اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔<br>• درست جوابات بتانے والے گروہوں کو شاباش دیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) سوالات کے جوابات دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: **"رہن سہن اور رسم و رواج"** | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط / درست جملوں کی نشاندہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈ زاردو جماعت پنجم کی کتاب۔ سوالوں کی پرچیاں، جملوں کے کارڈز، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے سوالات بورڈ پر لکھیں۔ جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں ایک ایک سوال دیں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور انھیں باہم مشورے سے جواب دینے کے لیے کہیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئیں اور پوچھے گئے سوال کا جواب لکھیں۔
- جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 19 کھلوائیں۔
- جماعت میں بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔
- انھیں سبق کا خاموشی سے مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- انھیں پہلے سے بتا دیں کہ مشق میں دیے گئے سوال (2 اور 3) کے بارے میں ان سے کوئی بھی سرگرمی کروائی جا سکتی ہے۔
- انھیں کچھ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد سوال نمبر 2 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی پانچ پرچیاں اس طرح بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے چار چار ممکنہ جوابات لکھیں ہوں۔
- اب ایک ٹوکری میں پانچ پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری سارے گروہوں کے پاس لے جائیں اور ہر گروہ میں سے ایک بچے کو ایک پرچی اُٹھانے کو کہیں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ہدایت دیں کہ پرچی کھول کر اس کا سوال پڑھیں اور باہم مشورے سے اسکے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران بورڈ پر بھی تمام سوالات ان کے نیچے ممکنہ جوابات کے ساتھ لکھ دیں۔
- اب ہر گروہ سے ایک لیڈر کو بلائیں اور ہدایت دیں کہ جس سوال کی پرچی اس کے پاس آئی ہو گی بورڈ پر آ کر اس سوال کو تلاش کرے اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب ہونے کی صورت میں دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔

| |
|---|
| • اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔<br>• اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنادیں ہر گروہ کو غلط / درست فقرات پر مبنی ایک ایک کارڈ دیں جن کو پڑھ کر وہ درست اور غلط کی نشان دہی کر سکیں۔<br>• انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔<br>• اس دوران بورڈ پر وہی جملے لکھیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلوائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے جملوں میں دیکھے کہ اس کے پاس کون سا جملہ آیا ہے؟<br>• پھر جملے کی خواندگی کرتے ہوئے اس کے غلط یا درست ہونے کی نشان دہی کرے۔<br>• جماعت میں باقی گروہوں سے بھی سرگرمی مکمل کرواتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) سبق سے متعلق مختلف فقرات تھوڑے سے ردّوبدل کر کے لکھیں اور طلبہ کی فہم کو جانچنے کے لیے انھیں ان فقرات کی درستی کرنے کے لیے کہیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم:یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: **"رہن سہن اور رسم ورواج"** | |

**مقاصد:** سبق کے اہم نکات سنا سکیں۔

الفاظ کے آخری حرف سے نئے الفاظ بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک ڈبا لیں اور اس کے اطراف میں کاغذ کی جیبیں بنا لیں۔
- ہر جیب میں سوال نمبر 3 کے سوالات کی پرچیاں ڈال دیں یعنی ایک جیب میں ایک سوال کی پرچی ڈالیں۔
- اب متفرق بچوں کو بلائیں اور انھیں میز پر ڈبا لڑھکانے کے لیے کہیں جیسے لڈو کا دانہ پھینکا جاتا ہے۔
- لڑھکانے پر جو جیب اوپر آئے گی۔ بچہ اس جیب میں سے پرچی نکال کر سوال پڑھے گا اور اس کا درست جواب بتائے گا۔
- صحیح جواب دینے پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں اور سرگرمی کے اختتام پر ایک بار خود غلط درست فقرات کی نشان دہی کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ انھوں نے سبق کو غور سے سننا ہے اور اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔
- بچوں کو سبق "رہن سہن اور رسم ورواج" سنائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ سبق سننے کے بعد جو اہم نکات ان کے ذہن میں آئے ہیں انھیں اپنی ساتھ نشست پر بیٹھے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی سنیں۔
- اس دوران استاد بچوں کے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- سوال نمبر 6 کی سرگرمی کروانے کے لیے دیے گئے الفاظ میں سے کوئی سا لفظ بورڈ پر لکھیں۔
- اب بچوں سے اس کے آخری حرف سے نیا لفظ اور پھر اس لفظ کے آخری حرف سے ایک نیا لفظ بنوائیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی متفرق بچوں سے تمام الفاظ پر کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) سبق کے اہم نکات بچوں سے کاپیوں پر لکھوائیں اور چیک کریں کہ انھیں سبق کی کس حد تک سمجھ آگئی ہے۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔